Ministry of Education
Minister
315 Front Street West
Toronto ON M7A 0B8

Ministère de l'Éducation
Ministre
315, rue Front Ouest
Toronto ON M7A 0B8

Ontario

وزیر کا خط والدین کے نام: کووڈ-19 چائلڈ بینیفٹ پروگرام

26 اپریل 2021

نٹاریو کے عزیز والدین

اس میں کوئی سوال نہیں ہے کہ اونٹاریو کے باشندوں نے عالمگیر وبا کی اس پوری مدت میں بے مثال صبر اور عزم کا مظاہرہ کیا ہے۔ یہ غیر متوقع چیلنجوں اور مالی دباؤ سے بھرا، ایک مشکل دور رہا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ عالمگیر وبا کے آغاز کے بعد سے ہی، ہماری حکومت نے اونٹاریو کے خاندانوں کو براہ راست مالی مدد فراہم کرنے کے لئے قدم بڑھائے ہیں۔

مجھے آپ کو یہ یاد دلاتے ہوئے خوشی ہو رہی ہے کہ اب ہم اونٹاریو کووڈ-19 چائلڈ بینیفٹ کے ذریعے والدین کو ایک اگلے دور کو ودگنا کر کے اس حمایتی اضافہ کر رہے ہیں۔ فنڈنگ کے اس نئے دور کے تحت، والدین کو 0 سے 12 گیڑ تک کے بچے کے لئے $400 اور خصوصی ضروریات والے 21 سال یا اس سے کم عمر کے بچوں اور نوجوانوں کے لئے $500 موصول ہوں گے۔ اس سے سپورٹ فار لرنرز کے پچھلے پروگرام کے تحت آخری دور میں ایک ودگنی ہو جاتی ہے۔

جن والدین کو سپورٹ فار لرنرز کی ایڈگی اور موصول ہوئی ہیں وہ 26 اپریل 2021 سے خود بخود نئے فائدے حاصل کریں گے۔ جن والدین نے سپورٹ فار لرنرز پروگرام کے لئے درخواست نہیں دی تھی جن میں موصول نہیں ہوا وہ 3 مئی سے شروع ہو کر 17 مئی تک نئی فنڈنگ کے لئے درخواست کے لئے ہیں۔ اس نئے دور کے لئے درخواست دینے کے طریقوں کے بارے میں زیادہ تفصیلات آئندہ ہفتوں میں اونٹاریو کووڈ-19 چائلڈ بینیفٹ کے نئے ویب صفحہ پر دستیاب ہوں گی۔

یہ سرمایہ کاری 2021 اونٹاریو بجٹ کا ایک حصہ ہے، جو لوگوں کی صحت اور ہماری معیشت کے حفاظت پر مرکوز ہے۔ حکومت اونٹاریو کووڈ-19 سے لڑنے، ہمارے طلبہ اور عملہ کے حفاظت کو یقینی بنانے اور مضبوط معاشرے کی بنیاد رکھنے کے لئے اپنی کوشش کی تحت تک ہر کلمرنے کے عزم پر قائم ہے۔

کووڈ-19 نے ہمارے معاشرے کے ہر پہلو کو متاثر کیا ہے۔ ہم تسلیم کرتے ہیں کہ یہ عالمگیر وبا خاص طور پر اس کو لی رعم کے بچوں والے والدین کے لئے چیلنج بھرا رہا ہے۔ اس لئے، اس عالمگیر وبا کے دوران، ہماری حکومت نے والدین کے ہاتھوں میں تیزی سے رقم فراہم کی ہے۔ تسلیم کیا ہے کہ خاندان کو ابھی کچھ امداد کی ضرورت ہے اور وہ اس کے مستحق ہیں – اور یہ کہ والدین اپنے خاندان کی ضروریات کو بخوبی جانتے ہیں۔

ٹیکوں کی آمد کا مطلب ہے کہ فلق پُر امید ہے۔

مخلص،

عزیز اسٹیفن لیچے (Stephen Lecce)
وزیر تعلیم